# 3219 ـ بطور برکت 100 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھنا

**سوال**

کیا کوئی ایسی حدیث ملتی ہے جس میں حصول برکت کے لیے سو بار سورۃ فاتحہ پڑھنے کا ذکر ہو ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اللہ تعالی سے کوئی چیز طلب کرنے کے لیے سو بار سورۃ فاتحہ پڑھنے کی مشروعیت میں کوئی صحیح حدیث ثابت نہیں لہذا ایسا کرنا جائز نہیں ہے.

آپ کو سنت نبویہ پر عمل کرتے ہوئے اللہ تعالی کے اسمائے حسنی اور اللہ کی صفات کے ذریعہ اور وسیلہ سے سوال کرنا چاہیے.

اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے:

اللہ تعالی کے اچھے اچھے نام ہیں تم اس سے اسے پکارو الاعراف ( 180 ).

سورۃ فاتحہ قرآن مجید کی عظیم سورت ہے آپ جب چاہے بغیر کسی معین عدد یا معین کیفیت جو شریعت میں وارد نہیں پڑھ سکتے ہیں.

اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو ہر قسم کی بھلائی کی توفیق نصیب فرمائے.

واللہ اعلم .